128101 ـ جب کوئی شخص اپنی نانی کا دودھ پئے تو وہ اپنے ماموں اور خالہ کا بھائی بن جائیگا

سوال

میرے بیٹے نے اپنی نانی کا دودھ پیا ہے، تو کیا اس کے لیے اپنے ماموں اور خالہ کی بیٹی سے نکاح کرنا جائز ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو مذکورہ بچے نے اپنی نانی کا دودھ پانچ رضاعت یا زیادہ دو برس کی عمر میں پیا تو اس طرح وہ اپنے ماموں اور خالہ کا رضاعی بھائی بن گیا، اور اپنے ماموں کی اولاد کا رضاعی چچا اور اپنی خالہ کی اولاد کا رضاعی ماموں بن جائیگا.

اس بنا پر وہ اپنے ماموں کی بیٹیوں سے شادی نہیں کر سکتا کیونکہ وہ ان کا رضاعی چچا ہے، اور اپنی خالہ کے بیٹیوں سے بھی شادی نہیں کر سکتا کیونکہ وہ ان کا رضاعی ماموں بنتا ہے، اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے " انتہی.